

تعارف و تبصرہ کتب

خطبات قاسمی

صفحات ۴۹۸، قیمت ۱۵ روپے۔ ناظم مکتبہ اے بلاک غلام محمد آباد فیصل آباد

خطابت تبلیغ اسلام کا اولین ذریعہ اور ترویج شریعت کا بنیادی وسیلہ ہے۔ دین اسلام کے سب سے بڑے مبلغ اور دنیائے انسانیت کے عظیم خطیب، کے خطبات کا ذخیرہ احادیث کی صورت میں امت کے پاس موجود اور محفوظ ہے جس میں آج بھی وہی تاثیر ہے جو کل تھی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد علماء کرام جو علوم نبوت کے وارث ہیں۔ دین کی تبلیغ واشاعت کی ذمہ داری ان کے سر ہے جس کو انہوں نے ہر دور میں نبھایا، تقریراً بھی اور تحریراً بھی۔ پیش نظر کتاب بھی سلسلہ خطابت کی ایک کڑی ہے جس میں مؤلف نے اپنے مخصوص طرز خطابت کو، خطبات قاسمی کے نام سے کتابی رنگ میں ڈھال دیا ہے بعض جگہوں پر سبقت لسانی (اور اب سبقت قلمی) بھی ہوئی ہے مثلاً صفحہ ۲۳۶ پر تحریر فرماتے ہیں

" ادھر چاند دوڑتا ہوا میرے مصطفٰے کے پاس آیا "

حالاں کہ شق قمر کا معجزہ تو اس قدر تھا کہ چاند دو ٹکڑے ہو کر پہاڑ کے دونوں طرف دکھائی دیا تھا اور بس۔ اس کتاب سے زیادہ نفع لینے والے دینی مدارس کے طلباء ہی ہو سکتے ہیں اس لئے اگر قیمت کم رکھی جاتی تو نفع زیادہ ہوتا۔

حسنات الحرمین

صفحات ۲۸۸۔ قیمت ۳۶ روپے۔ تالیف۔ مولانا محمد عبداللہ سعید بن خواجہ محمد معصومؒ
مکتبہ سراجیہ خانقاہ احمدیہ سعیدیہ موسیٰ زئی شریف۔ ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان

یہ رسالہ حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے ان احوال، فرمودات اور مکاشفات کا مجموعہ ہے جو آغاز سفر حرمین الشریفین، قیام حجاز مقدس اور ہندوستان کی طرف واپسی کے دوران بیان فرماتے۔ جن کو آپ کے صاحبزادے مولانا محمد عبداللہ سعید نے عین موقعہ پر عربی میں قلم بند کیا۔ پھر ہندوستان کے شیخ محمد شاکر بن ملا بدرالدین سرہندی نے اس کا مشروح فارسی ترجمہ کیا۔ اور اب مکتبہ سراجیہ کے مالک " محمد سعد مرشد بابا " کی تحریک سے محمد اقبال صاحب مجددی نے اس کو اردو کے قالب میں ڈھالا ہے۔ ترجمہ سلیس اور شگفتہ ہے۔ چونکہ ملفوظات کا موضوع زیادہ تر تصوف ہے۔ اس لئے بعض ایسی باتیں بھی آگئی ہیں جن کا سمجھنا مبتدی کے لئے سہل نہیں اور جن کی صحیح تعبیر وہی کر سکتے ہیں جو اس رسم و راہ کے شناور ہیں ایسے موقع پر ان سے مراجعت ضروری ہے۔ مکتبہ سراجیہ اس